# OUL-001

## Certificate in Urdu Language

**(CUL/CULOL)**

**ASSIGNMENT**

**For**

**(July 2025 – January 2026, Sessions)**

# حروف شناسی اور تلفظ

## (Huroof Shanasi Aur Talaffuz)

**(OUL-001)**

Discipline of Urdu
School of Humanities
Indira Gandhi National Open University
Maidan Garhi, New Delhi-110068

# اسائن مینٹ

## اردو سرٹیفکیٹ پروگرام

## (Certificate in Urdu Language)

## ODL/Online

**عزیز طلبا/طالبات!**

یہ امید کی جاتی ہے کہ آپ نے اپنے کورس کو دل لگا کر پڑھا اور سمجھا ہو گا، جس کی جانچ پرکھ کے لیے آپ کے کورس میں ایک اسائن مینٹ رکھا گیا ہے۔ یہ اسائن مینٹ آپ کے پروگرام کی از خود مسلسل جانچ پرکھ کا ایک نہایت موثر ذریعہ ہے۔ اس لیے ہر کورس کا ایک اسائن مینٹ اپنے مقررہ وقت میں جمع کرنا ضروری ہے تاکہ آپ امتحان میں بیٹھنے کے لائق ہو سکیں۔ اسائن مینٹ جمع کیے بغیر آپ امتحان میں نہیں بیٹھ سکتے ہیں۔ یہ ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ (TMA) ہے جو پورے کورس کا احاطہ کرتا ہے اور سو (100) نمبروں پر مشتمل ہے۔

**مقصد:**

اس اسائن مینٹ سے یہ پتہ لگانا ہے کہ فراہم کیے گئے مواد سے آپ نے کس قدر فائدہ اٹھایا ہے۔ در اصل یہ اسائن مینٹ آپ کی صلاحیت میں نکھار پیدا کرنے اور معلومات میں اضافے کا باعث ہو گا۔ دوران مطالعہ اگر آپ کو اپنے کورس کی اکائیوں کے متعلق مزید تفہیم و توضیح درکار ہو تو اس کے لیے اپنے اسٹڈی سنٹر کے کاؤنسلر سے معاونت لے سکتے ہیں۔

**مشورہ:**

سوالوں کو غور سے پڑھیے اور ان نکات کو سمجھیے جن پر سوالات کی بنیاد ہے۔ ضروری باتیں نوٹ کر لیجیے اور انہیں ربط کے ساتھ پیش کیجیے۔ سوالوں کے جواب کتابوں سے نقل کرنے کے بجائے اپنے الفاظ میں لکھنے کی کوشش کیجیے۔ اکائیوں کی عبارت کو ہو بہو نقل کرنے سے گریز کیجیے۔ سوالوں کے جوابات محتاط ہو کر تجزیاتی انداز میں تحریر کیجیے۔ مضمون نما سوالات کو شروع میں تمہید اور آخر میں اخذ شدہ نتائج کے ساتھ لکھیے۔ تمہید میں بتائیے کہ آپ نے سوال کو کس طرح سمجھا ہے اور جواب کس طرح پیش کرنے جا رہے ہیں۔ آخر میں سوال کے جواب کو سمیٹ کر نتیجہ اخذ کیجیے اور جواب دینے کے لیے دوسری کتابوں سے بھی استفادہ کر کے حوالہ درج کر سکتے ہیں۔ اس طرح آپ کا مطالعہ وسیع تر ہو گا اور موضوع پر آپ کی گرفت مضبوط ہو گی۔

آپ کو اپنے جوابات کے سلسلے میں معلوم ہونا چاہیے کہ وہ:

- منطقی نوعیت کے ہوں۔
- جملے اور پیراگراف کے درمیان ربط ہو۔
- خیال اور طرز تحریر میں مطابقت ہو۔
- سوالوں کے مطابق ہی جامع جواب تحریر کیجیے۔

**ہدایت:**

یہ یاد رہے کہ سمسٹر کے امتحان میں بیٹھنے سے پہلے آپ کو ہر کورس کا اسائن مینٹ جمع کرنا ہے۔ اسائن مینٹ کی ایک کاپی اپنے پاس محفوظ رکھیے تاکہ گم ہونے کی صورت میں حوالے کے لیے آپ کے پاس اپنا اسائن مینٹ موجود رہے۔ ہماری نیک خواہشات آپ کے ساتھ ہیں۔

**اپنا اسائن مینٹ لکھنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے:**

1۔ پروگرام گائڈ میں اسائن مینٹ سے متعلق دی گئی ہدایات کا بغور مطالعہ کیجیے۔

2۔ اپنا نام، رول نمبر اور تاریخ کاپی کے پہلے حصہ کی بائیں جانب لکھیے۔

3۔ کاپی کے بیچ میں کورس کا نام، اسائن مینٹ نمبر اور اپنے اسٹڈی سنٹر کا نام لکھیے۔

4۔ آپ کو ہر کورس کا اسائن مینٹ جمع کرنا ہے۔ اگر اسائن مینٹ جمع نہیں کیا تو سمسٹر کے امتحان میں بیٹھنے کی اجازت نہیں ملے گی۔

5۔ اپنے اسائن مینٹ کے لیے فل اسکیپ سائز کا کاغذ کا استعمال کیجیے۔

6۔ جواب سے پہلے متعلقہ سوال لکھنا ضروری ہے۔

7۔ اسائن مینٹ اپنی تحریر میں ہونا چاہیے۔

8۔ اسائن مینٹ آپ اپنے اسٹڈی سنٹر پر جمع کیجیے۔

آپ اپنے اسائن مینٹ کی کاپی کا پہلا صفحہ درج ذیل نمونے کے مطابق بنائیے:

کورس کا عنوان (اردو)______________________ / ______________________ Course Title

اسائن مینٹ نمبر____________________ رول نمبر______________________________

نام (اردو)____________________ / ___________________________ Name in English

اسٹڈی سنٹر کا نام_______________________________________________________

Note:

Last date for submission of Assignment

For December Examination: 31st October

For June Examination: 30th April

Good Luck!

# ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

| | |
|---|---|
| Course Code: | OUL-001 |
| Course Title: | حروف شناسی اور تلفظ |
| Assignment Code: | OUL-001/CUL/CULOL TMA/2025-2026 |
| Coverage: | All Blocks |
| Marks: | 100 |

ہدایت:- سبھی حصوں کے تمام سوالوں کے جواب لکھنے ضروری ہیں۔ نمبر سوالوں کے سامنے درج ہیں۔

(حصہ الف)

سوال 1۔ "ب" گروپ (समूह) کے حروف لکھیے اور ہر حرف سے دو دو لفظ بنائیے۔ (10)

(یا/or)

نیچے دیے گئے سبھی سوالوں کے جواب لکھیے:-

I. "س" سے شروع ہونے والے دو لفظ لکھیے۔

II. "د" سے شروع ہونے والے دو لفظ لکھیے۔

III. "ض" سے شروع ہونے والے دو لفظ لکھیے۔

IV. "چھ" سے شروع ہونے والے دو لفظ لکھیے۔

V. "ص" سے شروع ہونے والے دو لفظ لکھیے۔

سوال 2۔ نیچے دیے گئے سبھی سوالوں جواب دیجیے۔ (10)

I. دو ایسے لفظ لکھیے جس کے بیچ میں حرف "الف" آیا ہو۔

II. دو ایسے لفظ لکھیے جس کے بیچ میں حرف "ش" آیا ہو۔

III. دو ایسے لفظ لکھیے جس کے آخر میں حرف "ت" آیا ہو۔

IV. دو ایسے لفظ لکھیے جس کے شروع میں حرف "جھ" آیا ہو۔

V. دو ایسے لفظ لکھیے جس کے آخر میں حرف "و" آیا ہو۔

(یا/or)

نیچے دیے گئے سبھی لفظوں کا املا درست کیجیے:

I. قتابین

II. مگرب

III. آدت

IV. سروع

V. کمجور

VI. الی گڑھ

VII. مقروز

VIII. سدقہ

IX. تاریف

X. گلامی

سوال 3۔ نیچے دیے گئے حروف کو جوڑ کر لفظ بنائیے۔ (10)

I. م+ع+ش+و+ق=

II. غ+ل+ا+م+ی =

III. ع+ز+ز+ت =

IV. خ+و+ف،ز+د+ہ=

V. ا+ا+ب+ر+و =

(یا/or)

نیچے دیے گئے لفظ کو حروف میں توڑیے۔

I. جوڑ

II. باجرا

III. کفگیر

IV. شوقین

V. بھیدی

## (حصہ ب)

سوال4۔ نیچے دیے گئے غلط جملوں کو درست کیجیے۔ (15)

I. جھونکو دھول مت آنکھوں میں۔

II. لاؤ تھالی میں سجا کر مٹھائی۔

III. ہے تمھارا کمزور دماغ۔

IV. ایک خوبصورتی ہے نعت۔

V. نصیب ہے اس کا اچھا۔

**(یا/or)**

نیچے دی گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔

I. "وقفہ" کو ہندی میں کس نام سے جانا جاتا ہے؟

II. "कोष्ठक" کو اردو میں کیا کہتے ہیں؟

III. "ش" کے لیے ہندی میں کون سا حرف (अक्षर) لکھا جاتا ہے؟

IV. ابجدی نظام میں "ف" کے حرف کی قیمت (अंकमूल्य) لکھیے۔

V. لفظ "مطلوب" میں استعمال ہوئے حروف کی تعداد بتائیے۔

سوال5۔ نیچے دیے گئے الفاظ کے معنی لکھیے۔ (15)

آل، ضرب، ثمر، شبنم، کشمکش

**(یا/or)**

نیچے دیے گئے الفاظ کو جملہ میں استعمال کیجیے:

I. پھوار

II. شاعری

III. عزت

IV. لالچ

V. خوبصورتی

## (حصہ ج)

سوال6۔ نیچے دیے گئے اقتباس کو دیوناگری (ہندی) یا رومن (انگریزی) میں لکھیے۔ (20)

"تم چلاتے کیوں ہو۔ کتے بلی سب وہاں جمع تھے۔ حمید شرارتاً ایسا کرتا ہے۔ اسے تخت سے محروم کر دیا گیا۔ ظفر کو قبض کی شکایت ہے۔ انسان کو طوفانوں کا مقابلہ کرنا چاہیے۔ ظلم کے خلاف آواز اٹھاؤ۔ خالد کو ظلم سے نفرت ہے۔ ہمارا سماج مختلف طبقوں میں بٹا ہوا ہے۔ بڑا کام انسان کو عظیم بناتا ہے۔ اسے ظاہر مت کرو۔ وہ بہت ضمیر فروش ہے۔ صندل کی خوشبو مجھے پسند ہے۔ اس کا نصیب اچھا ہے ۔ تمھاری مصروفیت سے میں عاجز ہوں۔ اس کا چہرہ بہت خوبصورت ہے۔ یہ بہت خوبصورت صندوق ہے۔ اس کی صراحی دار گردن ہے۔ مجھے مٹھائی بہت پسند ہے۔ صدقہ اتار دو۔"

(یا/or)

"آپ بہت مصروف آدمی ہیں۔ گرمی میں صافی استعمال کرو۔ کسی سے عشق ہونا بھی ایک نعمت ہے۔ سورج غروب ہو چکا ہے۔ علم حاصل کرو۔ غریبوں کی مدد کرنا بھی عبادت ہے۔ غلامی ایک لعنت ہے۔ تمہارا دماغ کمزور لگتا ہے۔ تقریر شروع کرو۔ کیا تم اس کا سراغ لگا سکو گے۔ تم خواہش بتا کر کیا کروگے۔ اس خوانچے میں مونگ پھلیاں بھری ہیں ۔ میری درخواست کا خیال کیجیے۔ کھانے کا وقت ہو گیا۔ یہ کیسا دیار ہے۔ کھڑکی کھول دو۔ تم شام ڈھلے چلے آنا۔ مجھے گھوڑے کی سواری بہت پسند ہے۔ مدھیہ پردیش میں باڑھ آئی ہوئی ہے۔ یہ جھاڑ پھانوس بڑا قیمتی ہے۔"

سوال7۔ نیچے دیے گئے اقتباس کو اردو میں لکھیے۔ (20)

"दारा मामा को ले जाता। दादा का खौफ गोपाल को ले आया। लाला बारीक जाली दे दो। ज़लील आदमी को मत बुलाओ। अख़्तर तुम को अक्सर खौफ्ज़दा मिलेगा। दारा की पिटाई की तो तारा रो पड़ेगी। ख़ाला तुम बताओ आपी कब आएगी। गुप्ता की पगड़ी गिर पड़ी। एक गुलाब जमाल से ले लो। कमाल बाज़ार जाएगा तो उर्दू की किताब ले आएगा। तुम बाला को अमरीका कब ले जाओगे। अख़्तर तुम दारा की तल्ख़ कलामी की बात मत करो। राजा तुम कुलदीप के दफ़्तर चले जाओ। अख़्तर हमर्दद दवाखाने जाकर दवा लाया। नहार मुहँ दवा मत पीना। आपी परदह करती है। हल जोतना हो तो जमीन को नम होने दो। नानी का नौकर बड़ा होशियार है। मेरी तकलीफ की वजह तुम्हारी बेरूख़ी है। तीन चार दिन के लिए राजा को नागपूर ले जाओ।"

**(or/یا)**

"Dara mama ko le jata. Dada ka khauf Gopal ko le aaya. Lala bareek jaali dedo. Zaleel aadmi ko mat bulao. Akhtar tum ko aksar khauf zada milega. Dara ki pitai ki to Tara ro padi. Khala tum batao aapi kab aayegi. Gupta ki pagdi gir padi. Aik gulab Jamal se lelo. Kamal bazar jayega to urdu ki kitab le aayega. Tum Bala ko America kab le jaoge. Akhtar tum Dara ki talkh kalami ki bat mat karo. Raja tum Kuldeep ke daftar chale jao. Akhtar Hamdard Dawakhane jakar dawa laya. Nahar munh dawa mat peena. Aapi parda karti hai. Hal jotna ho to zameen ko nam hone do. Nani ka naukar bada hoshiyar hai. Meri takhleef ki wajah tumhari berukhi hai. Teen chaar roz ke liye Raja ko Nagpur le jao."